بلوچستان کی صورتحال کے تناظر میں اگر موجودہ پیش رفت کا جائزہ لیا جائے، تو سب سے نمایاں پہلو سیکیورٹی ہے۔ گزشتہ دو دہائیوں میں بلوچستان میں بدامنی، نام نہاد علیحدگی پسند تحریکوں، بیرونی مداخلت اور دہشت گردی کے نیٹ ورکس نے نہ صرف مقامی آبادی کو خوف و مایوسی کا شکار کیا بلکہ پورے ملک کی ترقی کی راہ میں بھی رکاوٹیں پیدا کی ہیں۔ پاکستان آرمی نے اس ضمن میں جو اقدامات کیے، وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ خاص طور پر فتنہ الہندوستان کے عنوان سے جس طریقے سے ریاست مخالف عناصر کے خلاف کامیاب آپریشنز کیے گئے، وہ عسکری حکمت عملی کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ان کارروائیوں کے نتیجے میں دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا گیا اور بلوچستان کے حساس علاقوں میں امن قائم کرنے میں قابل ذکر پیش رفت ہوئی ہے۔

پاک چین اقتصادی راہداری منصوبہ یقیناً ایک گیم چینجر منصوبہ ہے، جس کے نتیجے میں ملک کے تین صوبے طویل موٹرویز اور دیگر عوامی منصوبوں، اور ریل ٹرین وغیرہ سے مستفید ہو رہے ہیں۔ حکومت کا یہ اقدام بلوچستان کے عوام کے فیڈریشن پر اعتماد کی بحالی کا ذریعہ ہے۔ اس منصوبے میں بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے لیے ریاست کی پالیسی اور حکمت عملی نتیجہ خیز ہونی چاہیے۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں علاقائی تعصبات کی آڑ میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں گزشتہ کچھ عرصہ کے دوران تشویش ناک اضافہ ہوا ہے۔ بلوچستان میں حالات کی مرحلہ وار خرابی اور مفاد پرست گروہوں اور ان کے سہولت کاروں نے کئی مسائل کو جنم دیا ہے۔ ملک دشمن عناصر نے اس تمام تر صورت حال کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے یہاں نفرت کے جذبات ابھارنے کے لیے بے دریغ وسائل خرچ کیے ہیں۔

یہ حقیقت بھی اپنی جگہ قائم ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے مختلف گروہوں نے ایک منظم منصوبے کے تحت محب وطن کیڈرز کو نشانے پر لے کر انھیں خوفزدہ کرنے کی کوشش کی اور دوسری طرف بلوچستان کے صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانا شروع کیا، یوں ان دہشت گرد گروہوں اور ان کے سہولت کاروں نے عوام کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی بلوچستان میں محرومی ہے، بلوچ عوام کو ریاست پر اعتماد نہیں ہے، جب تک اس کی زندگی میں بہتری نہ آئے، روزگار، تعلیم، صحت، انصاف اور عزت نفس کی ضمانت نہ دی جائے، تب تک دیرپا امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ مگر یہ بیانیہ حقائق کے برعکس ہے۔ بلوچستان میں تمام مین اسٹریم سیاسی جماعتیں اور قوم پرست سیاسی جماعتیں عام انتخابات میں حصہ لیتی ہیں، پاکستان کی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بلوچستان کے منتخب نمایندے موجود ہیں اور وہ ہر قسم کی قانونی سازی میں حصہ لے رہے ہیں، اسی بلوچستان کی منتخب اسمبلی اور منتخب حکومت موجود ہے۔ وزراء اور مشیران کام کررہے ہیں، صوبے میں ترقیاتی بجٹ خرچ ہورہا ہے۔ نام نہاد علیحدگی پسند تنظیموں میں اتنی ہمت نہیں ہے کہ وہ الیکشن لڑیں کیونکہ وہ جانتے ہیں انھیں ووٹ نہیں ڈالتے ہیں، اس لیے وہ بندوق کا سہارا لے رہے ہیں۔ جنرل عاصم منیر کا یہ کہنا کہ سول اور عسکری تعاون ناگزیر ہے، دراصل اسی فہم کی عکاسی ہے کہ ترقی اور امن کا عمل تبھی پائیدار ہوسکتا ہے جب ریاست کے تمام ادارے ایک صفحے پر ہوں، اور ان کی ترجیح ایک ہو، یعنی عوام۔ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبے کئی شعبوں پر محیط ہیں، ان پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے، جیسے جیسے یہ منصوبے مکمل ہوتے جائیں گے، بلوچستان میں گراس روٹ لیول تک روزگار بڑھے گا، مڈل کلاس کا حجم بڑھے گا، قبائلی سسٹم میں تبدیلی آئے گی۔ مقامی آبادی کو براہ راست ترقیاتی سرگرمیوں میں شریک کیا جارہا ہے۔ سڑکوں کی تعمیر، بجلی کی فراہمی، تعلیمی ادارے، طبی مراکز، ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز اور چھوٹے پیمانے پر صنعتوں کے قیام جیسے اقدامات سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہورہے ہیں بلکہ لوگوں میں یہ احساس بھی پیدا ہورہا ہے کہ وہ اس ریاست کا حصہ ہیں، اور ریاست ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے سنجیدہ ہے۔ بلوچستان کے مسئلے کا حل کئی سطحوں پر تلاش کیا جاسکتا ہے۔ سب سے پہلے تو سیاسی شمولیت کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ بلوچ سیاسی قیادت کو مزید آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرنا ہے، پارلیمانی نمایندگی کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کا فعال ہونا اور بلدیاتی، صوبائی اور وفاقی اداروں کو جدید خطوط پر استوار کرکے ان کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا بھی سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کے لیے خصوصی تعلیمی پروگرام، وظائف، تربیتی مراکز اور انٹرن شپ اسکیمز کے ذریعے انھیں ہنرمند اور بااختیار بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اقتصادی سطح پر بلوچستان میں خصوصی اقتصادی زونز کا قیام، بندرگاہی سہولیات کا فروغ، معدنیات کے ذخائر کو جدید طریقوں سے بروئے کار لانا، اور نجی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی وہ عوامل ہیں جو صوبے میں معاشی انقلاب لاسکتے ہیں۔ تاہم ان تمام اقدامات کو کامیاب بنانے کے لیے سب سے اہم پہلو اعتماد سازی ہے، اگر مقامی آبادی کو ترقیاتی منصوبوں کا مالک اور حصے دار نہ بنایا جائے، اگر ان کی رائے کو اہمیت نہ دی جائے تو کوئی بھی منصوبہ دیرپا کامیابی حاصل نہیں کرسکتا۔ اسی تناظر میں ایک اور اہم پہلو علاقائی تعاون کا ہے۔ ایران کی جانب سے اپنی سرزمین پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں ایک مثبت پیش رفت ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ خطے کے ممالک اب دہشت گردی کو ایک مشترکہ خطرہ سمجھنے لگے ہیں اور اسے ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کے لیے آمادہ ہیں۔ پاکستان اور ایران کے مابین سرحدی سیکیورٹی، انٹیلی جنس شیئرنگ اور مشترکہ گشت جیسے اقدامات نہ صرف دہشت گردی کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد سازی اور معاشی روابط کو بھی تقویت دے سکتے ہیں۔

سی پیک جیسے میگا پروجیکٹس میں بلوچستان کا کردار مرکزی ہے اور یہ منصوبے عالمی طاقتوں کے لیے دلچسپی کا مرکز ہیں، لہٰذا بلوچستان میں امن وترقی نہ صرف ملکی بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی اہمیت رکھتی ہے۔ اس لیے ایک ایسی جامع پالیسی کی ضرورت ہے جو مقامی، قومی اور بین الاقوامی مفادات کو ہم آہنگ کرے اور بلوچستان کو تنازعے کے بجائے ترقی اور تعاون کا مرکز بنائے۔ اس سلسلے میں میڈیا، سول سوسائٹی، دانشوروں اور تعلیمی اداروں کا کردار بھی غیر معمولی ہے۔ ہمیں ایسے بیانیے کو فروغ دینا ہوگا جو قومی یکجہتی، امن، برداشت اور ترقی کی عکاسی کرے۔ حتیٰ پروپیگنڈے کا توڑ صرف عسکری نہیں، فکری اور ثقافتی سطح پر بھی کیا جانا چاہیے۔ بلوچستان کی زبان، ثقافت، روایات اور معاشرتی ساخت کو فروغ دیا جائے، ان کو قومی دھارے کا حصہ بنایا جائے، تاکہ وہاں کے لوگ اپنی پہچان کو قومی پہچان کا حصہ محسوس کریں۔

بلوچستان نہ صرف پاکستان کی سرزمین کا ایک وسیع اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، بلکہ یہ ایک ایسا دروازہ بھی ہے جو پاکستان کو وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور افریقہ سے جوڑتا ہے۔ اس دروازے کو ترقی اور امن کا دروازہ بنانا ہماری قومی ذمے داری ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں جس نئے وژن کا آغاز ہوا ہے، اسے محض فوجی قیادت کی کوشش نہ سمجھا جائے بلکہ اسے ایک قومی ایجنڈا بنایا جائے۔ وفاق، صوبائی حکومت، مقامی قیادت، نجی شعبہ اور عوام سب کو ایک ساتھ، ایک مقصد اور ایک حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ پاکستان کا مستقبل بلوچستان کے بغیر مکمل نہیں۔ اس لیے آج جو فیصلے ہوں گے، جو اقدامات کیے جائیں گے، ان کے اثرات آنے والی نسلوں تک پہنچیں گے۔ اب وقت آچکا ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے ماضی کی غلطیوں سے سیکھا جائے اور ایک ایسا باب رقم کیا جائے جو امن، ترقی، ہم آہنگی اور خوشحالی سے عبارت ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No ۲

Dated: 25 AUG 2025 Page No 26

بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کیلئے سول ملٹری تعاون ناگزیر ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرأت نے تربت، بلوچستان کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد موجودہ سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینا، ترقیاتی اقدامات کا معائنہ کرنا اور بلوچستان کے استحکام و خوشحالی کے لیے عسکری و سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانا تھا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔دورے کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر کو سیکیورٹی صورتحال، فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز، جاری ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی و معاشی بہتری کی کوششوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے ملاقات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے بلوچستان کے عوام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سول اور عسکری اداروں کے باہمی تعاون کو ناگزیر قرار دیا اور جنوبی بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔آرمی چیف نے بلوچستان کے عوام کے ساتھ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اعادہ کیا، تاکہ خطے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سول وملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔فوجی جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ان کے بلند حوصلے، مکمل تیاری اور قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔انہوں نے مشکل حالات میں امن و استحکام قائم رکھنے میں ان کے کردار کی تعریف کی۔قبل ازیں تربت پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کور کمانڈر بلوچستان نے استقبال کیا۔اس موقع پر فیلڈ مارشل کے ساتھ وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاک فوج بلوچستان کے عوام کے شانہ بشانہ ہے،فوج امن اور پائیدار ترقی کی کوششوں میں بھرپور ساتھ دیتی رہے گی۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل کو فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشن اور سیکیورٹی سے متعلق بریفنگ دی گئی۔پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرأت نے بلوچستان کے علاقے تربت کا گزشتہ روز اہم دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، جاری ترقیاتی اقدامات اور فوج و سول اداروں کے مابین باہمی تعاون کے عمل کا جائزہ لیا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف کو سیکیورٹی ڈائنامکس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز، جاری ترقیاتی منصوبے اور جنوبی بلوچستان میں سماجی و معاشی حالات بہتر بنانے کی کوششوں پر روشنی ڈالی گئی۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور عوامی شمولیت پر مبنی ترقی کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں درپیش چیلنجز کے حل کے لیے سول و ملٹری اداروں کی مشترکہ کوششیں نہایت ضروری ہیں۔آرمی چیف نے واضح کیا کہ پاکستان آرمی بلوچستان کے عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور صوبے میں امن، خوشحالی اور پائیدار ترقی کے تمام اقدامات میں ہرممکن تعاون فراہم کرے گی۔اس موقع پر انہوں نے تعینات افواج کے جوانوں سے بھی خطاب کیا اور ان کے بلند حوصلے، آپریشنل تیاری اور قومی خودمختاری کے تحفظ کے جذبے کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود خطے میں امن و استحکام قائم رکھنے میں افواج پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو تربت پہنچنے پر کور کمانڈر بلوچستان نے خوش آمدید کہا۔فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج بلوچستان کے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے اور صوبے میں پائیدار امن اور ترقی کی کوششوں میں بھرپور ساتھ دیتی رہے گی، بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سول ملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرأت نے تربت، بلوچستان کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد موجودہ سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینا، ترقیاتی اقدامات کا معائنہ کرنا اور بلوچستان کے استحکام و خوشحالی کیلئے عسکری و سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانا تھا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔دورے کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر کو سیکیورٹی صورتحال، فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز، جاری ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی و معاشی بہتری کی کوششوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے ملاقات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے بلوچستان کے عوام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سول اور عسکری اداروں کے باہمی تعاون کو ناگزیر قرار دیا اور جنوبی بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔آرمی چیف نے بلوچستان کے عوام کے ساتھ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ فوج صوبے میں پائیدار امن اور ترقی کی کوششوں میں بھرپور ساتھ دیتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سول وملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 25 AUG 2025 Page No. 21

نیا این ایف سی ایوارڈ، پسماندہ صوبوں کو زیادہ اہمیت دینے کی ضرورت!

وفاقی حکومت نے قومی محاصل کی صوبوں میں تقسیم کے نئے این ایف سی ایوارڈ کیلئے گیارہواں قومی مالیاتی کمیشن تشکیل دے دیا. وزیرِ خزانہ این ایف سی کے چیئرمین مقرر ہو گئے اور کمیشن 9 ممبران پر مشتمل ہے۔ وزارت خزانہ کے جاری کردہ نوٹی فکیشن میں بتایا گیا ہے کہ آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 160 کی شق (1) کے تحت صدرِ مملکت نے فوری طور پر گیارویں نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) کے قیام کی منظوری دے دی ہے۔ اس حوالے سے 21 جولائی 2020ء کے نوٹیفکیشن کو منسوخ کرتے ہوئے نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے جس میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ 21 جولائی 2020ء کو تشکیل دیا گیا نیشنل فنانس کمیشن اب تحلیل تصور ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی وزیرِ خزانہ این ایف سی کے چیئرمین ہوں گے جبکہ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے وزرائے خزانہ کمیشن کے ارکان ہوں گے، اس کے علاوہ پنجاب سے ناصر محمود کھوسہ، سندھ سے ڈاکٹر اسد سعید، خیبر پختونخوا سے ڈاکٹر مشرف رسول سیان اور بلوچستان سے فرمان اللہ بطور رکن نامزد کیے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آرٹیکل 160 کی شق (2) کے تحت این ایف سی کے بنیادی مقاصد میں وفاق اور صوبوں کے درمیان ٹیکسوں کی خالص آمدن کی تقسیم، وفاق کی جانب سے صوبوں کو گرانٹس اِن ایڈ دینے کے معاملات، وفاق اور صوبوں کے قرض لینے کے اختیارات، صوبائی دائرہ کار میں آنے والے اخراجات کی شراکت، بین الصوبائی معاملات پر اخراجات کی تقسیم، قومی نوعیت کے منصوبوں پر مشترکہ مالی ذمہ داری اور صدرِ مملکت کی جانب سے بھیجے گئے دیگر مالیاتی امور پر سفارشات دینا شامل ہیں، خزانہ ڈویژن وزارتِ خزانہ کمیشن کے لیے سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی۔ دوسری جانب اطلاعات کے مطابق آئی ایم ایف کے دباؤ پر وفاقی حکومت نے اخراجات میں واضح کمی کے پلان پر کام شروع کر دیا ہے۔ صوبوں کا این ایف سی ایوارڈ میں حصہ کم کرنے کی تجویز ہے۔ مجوزہ پلان پر صوبوں کے اعتراضات ہیں اور سندھ نے تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ وفاقی حکومت نے اخراجات میں واضح کمی کے پلان پر ابتدائی کام شروع کر دیا، نئے این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کا حصہ کارکردگی سے مشروط کرنے کی تجویز ہے۔ منصوبے کے تحت گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے لیے بھی واضح فنڈ مختص کرنے کی تجویز ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق وفاق کو گزشتہ مالی سال 7 ہزار 444 ارب روپے مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑا جبکہ رواں مالی سال مالی خسارے کا تخمینہ 6 ہزار 501 ارب روپے ہے۔ منصوبے کا مقصد قرضوں کی ادائیگی اور بجٹ خسارے میں کمی لانا ہے، قرضوں پر سود، سماجی تحفظ، دفاع، ترقیاتی اخراجات، سبسڈیز وفاق کے بڑے خرچے ہیں، صرف قرضوں پر سود کی مد میں رواں مالی سال 8 ہزار 207 ارب خرچ ہوں گے۔ این ایف سی میں صوبوں کو دیئے گئے 57.5 فیصد حصے پر نظرثانی ضروری ہے، تعلیم، صحت، ماحولیات کے شعبوں میں بہتر کارکردگی سے صوبوں کو فنڈز ملنے کا امکان ہے۔ دیامر بھاشا سمیت بڑے ڈیمز کے لیے بھی این ایف سی سے حصہ نکالنے کی تجویز ہے، این ایف سی میں آبادی کے فارمولے کا وزن 82 فیصد سے کم کرنے کی تجویز ہے۔ وفاقی حکومت کے پاس زیادہ وسائل دستیاب ہونے سے آئی ایم ایف کی شرائط پوری ہونگی۔ بہرحال سب سے پسماندہ صوبوں کو این ایف سی ایوارڈ میں اہمیت دینی چاہیے تاکہ انہیں درپیش چیلنجز سمیت دیگر مالی مسائل میں مدد مل سکے۔ امید ہے کہ وفاق اور صوبے اتفاق رائے سے فارمولہ طے کرینگے تاکہ کسی بھی صوبے کیلئے مالی مسائل پیدا نہ ہوں۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 5

Dated: 25 AUG 2025 Page No. 22

فیلڈ مارشل کا دورہ تربت

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا حالیہ دورہ تربت نہ صرف موجودہ سیکیورٹی صورتحال کا براہ راست جائزہ لینے کے لیے اہم ہے بلکہ اس نے یہ پیغام بھی دیا کہ ریاست بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کے لیے سنجیدہ ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام کی موجودگی اس حقیقت کی غمازی کرتی ہے کہ صوبے میں سول اور عسکری قیادت ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھنے کے خواہاں ہیں۔ بلوچستان طویل عرصے سے سیکیورٹی چیلنجز اور معاشی محرومیوں کا شکار رہا ہے۔ تربت کا خطہ خاص طور پر حساس سمجھا جاتا ہے جہاں امن قائم رکھنا آسان نہیں۔ تاہم عسکری اور سول اداروں کی مشترکہ کاوشیں اگر ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ جڑی رہیں تو عوام کا اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے۔ فیلڈ مارشل کا ترقیاتی اقدامات کا براہ راست معائنہ اس بات کی علامت ہے کہ اب توجہ صرف امن قائم کرنے پر نہیں بلکہ عوامی خوشحالی کو یقینی بنانے پر بھی مرکوز ہے۔ یہ دورہ اس امر کی یاد دہانی ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ محض سیکیورٹی کا نہیں بلکہ اعتماد اور ترقی کا ہے۔ جب تک روزگار، تعلیم اور بنیادی سہولتوں کے مواقع عام لوگوں تک نہیں پہنچیں گے، امن کی کوششیں ادھوری رہیں گی۔ پاک فوج اور سول حکومت کا مشترکہ ایجنڈا یہی ہونا چاہیے کہ بلوچستان کے عوام کو قومی دھارے میں شمولیت اور خوشحالی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ تربت کا دورہ اسی سمت میں ایک مثبت اور امید افزا قدم ہے۔

کوئٹہ میں سڑکیں توڑنے کا معاملہ!

ایک خبر کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موبائل کمپنیز اور دیگر اداروں کی جانب سے کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے بغیر این او سی لیے کروڑوں روپے کی لاگت سے بننے والی سڑکیں توڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے عملہ اور پولیس اہلکاروں نے مبینہ طور پر سڑکیں توڑنے کے عمل کو روکنے کی بجائے اپنی آنکھیں بند کرلیں۔ صوبائی حکومت بھی خاموش ہے۔ کوئٹہ کے بروری روڈ پر سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے سامنے سے بولان میڈیکل کمپلیکس پر ایک موبائل فون کمپنی کی جانب سے بروری روڈ اور اس کے ساتھ بنے فٹ پاتھ کو توڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی طرح حال ہی میں بننے والی سڑک جیل روڈ کو گیس کمپنی کی جانب سے توڑا جارہا ہے۔ اس حوالے سے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے عملے کا کہنا ہے کہ سڑکیں توڑنے کے لیے ہم سے اجازت نہیں لی گئی ہے۔ متعلقہ علاقوں کے شہریوں کی جانب سے مطلع کئے جانے کے باوجود کیو ایم سی کے عملے اور پولیس نے روڈ کاٹنے والوں کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا۔ اسی طرح نواں کلی پہلا سٹاپ پر بھی روڈ کی کھدائی جاری ہے واضح رہے کہ یہ روڈ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت حال ہی میں کافی عرصے کے بعد بنا تھا۔ جسے پھر توڑنا شروع کردیا گیا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے میں سڑکیں بنانے کے بعد دوبارہ توڑنا کوئی نئی بات نہیں ہے۔ ایسا ایک عرصے سے ہوتا آرہا ہے تعجب کی بات یہ ہے کہ یہ سڑکیں ایک تو بڑے عرصے کے بعد بنتی ہیں لیکن جب بن جاتی ہیں تو فوراً ہی دیگر محکمے والے ان کی کھدائی شروع کردیتے ہیں۔ اس طرح کروڑوں روپے کی لاگت سے بننے والی سڑکیں دوبارہ کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگ جاتی ہیں کیونکہ کھدائی کے بعد پراپر طور پر ان کو دوبارہ صحیح کرنے کی زحمت نہیں کی جاتی ہے جس کے باعث یہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوجاتی ہیں اور ان کا بنانے کا مقصد ختم ہوجاتا ہے۔ یہ ایک حیران کن اور پریشانی والا معاملہ ہے لیکن متعلقہ ادارے اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے اگر ان سے پوچھ گچھ کی جائے اور سڑکیں توڑنے کا نہ صرف دوبارہ بنانے کی لاگت وصول کی جائے بلکہ اصل حالت میں بنانے کی تاکید کی جائے تو یہ معاملہ رک سکتا ہے کیونکہ جب تک ایسا نہیں ہوگا یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔

اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں بارہا مرتبہ اس بات کا ذکر کیا جاچکا ہے کہ ہمارے ہاں محکموں کا آپس میں کوارڈی نیشن نہیں ہے جس کے باعث مشکلات پیش آتی ہیں اگر ان کا آپس میں کوارڈی نیشن ہو اور پلاننگ کے تحت کام کیا جائے تو اس طرح کے معاملات پیش نہ آئیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام محکموں کو اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دینے چاہئیں کیونکہ اس مد میں جو نقصانات ہوتے ہیں وہ عوام کا ہی نقصان ہے اس لیے اس کی روک تھام کے لیے احسن اقدامات کئے جائیں۔

بلوچستان: سول وفوجی تعاون ضروری

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے نصف پاکستان ہے مگر آبادی اور اسی حساب سے اسمبلیوں میں اسکی سیٹیں بہت کم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ملک گیر قومی سیاسی پارٹیاں جو اصولوں کی بجائے بدقسمتی سے اقتدار کی سیاست کو اپنا نصب العین بنائے ہوئے ہیں۔ اتنی تھوڑے سیٹوں کیلئے اس صوبے کو جو حقیقت میں ملک کے ماتھے کا جھومر اور بین الاقوامی سازشوں کا گڑھ ہے قومی دھارے میں برابر کا شریک کرنے کے لئے زیادہ بھاگ دوڑ نہیں کرتیں۔ وہ بلوچ پشتون عوام کو اپنا ہمنوا بنانے کے لئے جلسے جلوسوں کا اہتمام کرتی ہیں نہ عام آدمی اور پسماندہ علاقوں کی حالت زار کا انہیں مکمل علم ہے تاکہ انہیں قومی دھارے میں لاکر اس اہم صوبے کے احساس تفاخر، وسائل و مسائل اور تعمیر و ترقی کے مواقع کو اجاگر کریں اور اہل بلوچستان کو احساس دلائیں کہ پوری قوم انکے دکھ سکھ میں برابر کی شریک ہے۔ موجودہ نظام میں، جب سے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے آرمی چیف کا منصب سنبھالا ہے اور سول اور ملٹری اشتراک عمل کا جو منظر سامنے آیا ہے اس سے بجا طور پر توقع کی جاسکتی ہے کہ دوسرے صوبوں کی طرح بلوچستان پر بھی برابر کی توجہ دی جائے گی اور وہاں کے سلگتے ہوئے مسائل کو بلوچ پشتون عوام کی امنگوں اور آدرشوں کے مطابق حل کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں بھی پہل کا اعزاز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ہی حاصل ہوا ہے انہوں نے صوبے کے حساس علاقے تربت کا دورہ کیا جس کا مقصد آئی ایس پی آر کے پریس ریلیز کے مطابق صوبے کی سیکورٹی صورتحال، ترقیاتی اقدامات و اہداف کا جائزہ اور بلوچستان کے استحکام خوشحالی کے لئے فوجی اور سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو تقویت دینا تھا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر آرمی چیف کو فتنہ الہندستان کے خلاف کامیاب آپریشن، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے بات چیت میں آرمی چیف نے صوبے میں گڈ گورننس، انفرااسٹرکچر اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے خاص طور پر ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی و اقتصادی حالات بہتر بنانے کی تلقین کی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے سول و ملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے امن و خوشحالی اور پائیدار ترقی کے حصول کے لئے بلوچستان کے عوام کے ساتھ کندھے سے کندھا ملاکر کھڑے ہونے کے پاک فوج کے عزم اور غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف نے فوجیوں سے بات چیت میں ان کے بلند حوصلے، آپریشنل تیاری اور قومی خودمختاری کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔ توقع کی جانی چاہئے کہ آرمی چیف کے بامقصد دورے سے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے شرپسندوں کی سرکوبی میں تیزی آئے گی اور بلوچستان کی سیاسی قیادت کے مطالبات پر عملدرآمد کی راہ کھلے گی جن کی بنیاد صوبے کے عوام کو حق حکمرانی اور ساحل و وسائل پر اختیار پر رکھی گئی ہے اور جس کے لئے طویل عرصے سے جدوجہد کی جارہی ہے۔ وفاقی حکومت، فوج اور صوبے کی سیاسی پارٹیاں مل جل کر اس اختیار کی حدود کا تعین کرسکتی ہیں جس سے یہاں نہ صرف امن و ترقی کا ماحول پیدا ہوگا بلکہ دہشت گردی کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ بلوچستان نہ صرف ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے بلکہ خطے میں اس کی اسٹریٹجک اہمیت بھی ہے جسے مدنظر رکھنا چاہئے اور یہاں کے عوام کا مختلف حوالوں سے احساس محرومی دور کرنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں اور یہ کام جتنی جلد ممکن ہو کرلینا قومی مفاد میں ہوگا۔

Unending road accidents

The tragic collision near Uthal in Balochistan's Lasbela district on Friday, which left at least nine people dead and two others seriously injured, is yet another reminder of the perilous state of the Quetta-Karachi highway. The accident, involving a passenger coach and two pickup vehicles, underscores the chronic dangers of this route and the devastating consequences of negligence, poor infrastructure, and the authorities' sluggish response. The details of this latest tragedy are painfully familiar. A passenger coach traveling from Quetta to Karachi collided head-on with two pickups coming from the opposite direction. Behind these numbers lie shattered families, interrupted dreams, and futures cruelly extinguished. Each life lost represents not just an individual but a ripple of grief extending across households and communities. This road has become less a highway and more a graveyard where lives are routinely claimed. The Quetta-Karachi highway is a vital artery linking Balochistan with the rest of the country. Yet it remains a single-lane carriageway woefully inadequate for the heavy load of passenger buses, trucks, and private vehicles it carries daily. The design itself makes head-on collisions almost inevitable, and every passing day without improvement only heightens the risks. For years, the government has promised to dualize this road, but the pace of progress has been intolerably slow. What should have been treated as an urgent priority has been reduced to a project plagued by delays, bureaucratic inertia, and half-hearted implementation. To families who have buried their loved ones, the government glacial approach amounts to indifference. Accountability must now replace excuses. The National Highway Authority (NHA) and the government cannot escape responsibility for the continued loss of life. Funding for the project must be released without delay, resources mobilized, and construction expedited. Contractors should be held to strict timelines, and additional shifts introduced if necessary, to ensure the dualization is completed as quickly as possible. Every day lost is another day when lives are at risk. The Quetta-Karachi highway should symbolize Balochistan's integration with the rest of Pakistan. Instead, it has become a grim emblem of neglect and the devaluation of human life. The cycle of promises followed by inaction must end. Dualization is not merely an infrastructure upgrade; it is a moral obligation and a matter of life and death. The victims of Friday's crash, and countless others before them, deserve justice in the form of decisive action. The time for complacency has long passed. What is needed now is urgency, resolve, and an unshakable commitment to protect lives on this unforgiving stretch of road.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 25 AUG 2025 Page No. 26

Of Balances & Balochistan: The NFC Test

This Friday, a quiet meeting in Islamabad carries the weight of a nation's future. The newly reconstituted National Finance Commission (NFC) will sit down for its first formal session, tasked with a Herculean challenge: forging a consensus on the long-overdue 11th NFC Award. For fifteen years, Pakistan has operated on an expired financial blueprint, the 7th NFC Award, a relic from a different economic and political era. The failure to create a new one speaks volumes about the tensions at the heart of our federation. And nowhere are the stakes higher than in the vast, resource-rich, yet struggling province of Balochistan. The NFC is more than just a dry accounting exercise. It is the constitutional mechanism that decides how the money collected from taxes is shared between the federal government and the four provinces. The last successful award in 2009 was a landmark. It raised the provinces' collective share to 57.5% of the federal divisible tax pool, a move meant to empower provinces after the 18th Amendment devolved more responsibilities to them. In theory, it was a win for local governance. In practice, it created a persistent fiscal crisis at the center. Among all provinces, Balochistan's case is unique and most urgent. Despite the promises of the 7th NFC Award, which included special allocations for Balochistan due to its backwardness and low population density, the province remains trapped in poverty, unemployment, and lack of infrastructure. In fact, many in Balochistan argue that even when funds are allocated, they are either delayed, cut midway, or never translated into meaningful development on the ground.

Balochistan contributes vast natural resources to the federation gas, coal, copper, gold, and a long coastline. Yet it remains Pakistan's poorest province. Its social indicators literacy, maternal health, clean water access, electricity, and employment are far below the national average. The people of Balochistan have long complained that their resources are taken away while crumbs are returned in the name of federal allocations. The NFC Award, therefore, is not just about numbers for Balochistan; it is about dignity, recognition, and the sense of being treated as an equal partner in the federation. As the 11th NFC Award discussions begin, policymakers must remember that the Constitution already guarantees that no province's share in a new award can be less than in the previous one. But beyond the constitutional safeguard, what is really needed is a spirit of fairness and vision. For Balochistan, this means not only securing a just share of the divisible pool but also ensuring guaranteed transfers, timely disbursements, and federal investment in key sectors like education, health, water, and infrastructure. Grants-in-aid should not be symbolic; they should be substantial enough to bridge the huge gap between Balochistan and other provinces. The federal government now argues that this arrangement is unsustainable. It funds massive, essential pro-

grams like the Benazir Income Support Program (BISP) and the Higher Education Commission (HEC), not to mention the entire national security apparatus, from a drastically shrunken share of the pie. Its plea for a "shared responsibility model" is a call for provinces to help foot the bill for these national undertakings. Unsurprisingly, the provinces, including Balochistan, have consistently rejected this. Their argument is simple: you gave us these responsibilities, now give us the resources to handle them. This is where the discussion must move beyond a simple tug-of-war between Islamabad and the provinces. We must view it through the lens of equity, particularly for Balochistan. For decades, a central grievance from the province has been a perceived economic injustice: that its immense natural wealth fuels the country's economy, while it itself remains mired in poverty and underdevelopment. The NFC is the most direct tool to address this historic grievance.

A new award must recognize that the principle of distribution cannot be based on population alone. Balochistan's vast territory, its low population density, and its critical strategic importance demand a formula that factors in poverty, backwardness, and area. The current system does include these parameters, but the question is: is it enough? The federal government's desire to add new factors like "social sector performance" must be carefully examined. Would this punish Balochistan for its historical neglect, effectively penalizing it for being left behind? Center's push to discuss sharing costs for "national projects" and "trans-provincial matters" likely meaning dams and climate-related calamities - feels to many provinces like a backdoor attempt to claw back funds. Trust is the missing ingredient. For Balochistan, which has seen promises broken time and again, this trust deficit is cavernous. Any discussion that begins with taking away, rather than giving, is doomed to fail. The path forward requires statesmanship, not just accounting. The federal government must acknowledge that a stronger, financially secure Balochistan is not a burden, but the bedrock of a stable Pakistan. Empowering Quetta with the resources to build schools, hospitals, and roads is a national security imperative. It is the most powerful counter-narrative to alienation and despair. Conversely, the provinces, including Balochistan, must also demonstrate fiscal responsibility. The 2009 award came with a promise that provinces would ramp up their own tax collection. This largely remained an unfulfilled promise. Showing a serious commitment to generating local revenue would strengthen their moral standing in demanding a fair share from the centre. This Friday's meeting is just the beginning. The negotiations will be tough. But let them be guided by a vision of a balanced federation where the centre is strong enough to hold the nation together, and the provinces, especially Balochistan, are empowered enough to feel they truly belong within it. The numbers on the spreadsheet are not just percentages; they are a measure of our commitment to justice, equity, and a united [illegible] get thi[illegible] balance [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 25 AUG 2025 Page No. 28

’’فیلڈ مارشل سید عاصم کا تربت بلوچستان کا دورہ‘‘

تحریر۔ نسیم الحق زاہدی

فیلڈ مارشل چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرات نے گذشتہ دنوں تربت، بلوچستان کا دورہ کیا آئی ایس پی آر کے مطابق اس دورے کا مقصد موجودہ سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لینا، ترقیاتی اقدامات کا معائنہ کرنا اور بلوچستان کے استحکام وخوشحالی کے لیے عسکری و سول اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانا تھا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر حکام بھی موجود تھے دورے کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر کو سیکورٹی صورتحال، فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز، جاری ترقیاتی منصوبوں اور جنوبی بلوچستان میں سماجی و معاشی بہتری کی کوششوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور سول انتظامیہ کے نمائندوں سے ملاقات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے گڈ گورننس، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی مفاد پر مبنی جامع ترقی کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے بلوچستان کے عوام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سول اور عسکری اداروں کے باہمی تعاون کو ضروری قرار دیا اور جنوبی بلوچستان کی سماجی ومعاشی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی آرمی چیف نے بلوچستان کے عوام کے ساتھ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عزم کا اعادہ کیا، تاکہ خطے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سول و ملٹری تعاون اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں فوجی جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ان کے بلند حوصلے، عملی تیاری اور قومی خودداری کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ انہوں نے مشکل حالات میں امن واستحکام قائم رکھنے میں ان کے کردار کی تعریف کی قبل ازیں تربت پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کور کمانڈر بلوچستان نے استقبال کیا۔

سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو پاکستان کے گیارہویں آرمی چیف کی ذمہ داری سنبھالی تو اس وقت ملک سخت معاشی چیلنجز کا شکار تھا اور دہشت گردی کا عفریت بھی موجود تھا سپہ سالار نے نہ صرف جرائم، اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف فیصلے کیے بلکہ ملک کی مالی ساکھ کو بہتر بنانے کے لیے سفارتی اقدامات بھی کیے، انہوں نے پاک فوج کی صلاحیت اور استعداد میں اضافہ کیا، جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیزی نے ریکارڈ قائم کیے مہنگائی کم ہوئی، غیر قانونی افغانیوں کو نکالنے کی وجہ سے پاکستان میں جاری دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی آپ پاکستان کے وہ واحد آرمی چیف ہیں جنہوں نے ملٹری انٹیلی جنس (MI) اور انٹر سروسز انٹیلی جنس (ISI) دونوں کی قیادت کی، اور وہ پہلے آرمی چیف ہیں جنہیں ’’اعزازی شمشیر‘‘ ملی مئی 2025 میں خدائے لم یزل نے آپ کو پوری امت مسلمہ کا ہیرو بنادیا۔ یہ لمحہ پاکستان کی تاریخ میں ہی نہیں، دنیا کی عسکری تاریخ میں اب وہ حیثیت اختیار کرچکا ہے جسے آنے والی نسلیں بھی شاید کبھی بھلانہ پائیں چھ اور سات مئی کی رات بزدل بھارت نے پاکستان کے چھ مقامات پر میزائل حملے کیے، پاکستان کی غیور اور بہادر افواج کے لیے یہ ایک غیر معمولی چیلنج تھا، چنانچہ پاک فوج نے آرمی چیف کی جرات مندانہ قیادت میں معرکہ حق ’’آپریشن بنیان مرصوص‘‘ کے تحت دشمن بھارت کو دندان شکن جواب دیتے ہوئے چند گھنٹوں میں اس کو ایسی عبرتناک شکست سے دوچار کیا کہ وہ صدیوں بھلا نہیں پائے گا 20 مئی 2025 کو معرکہ حق ’’آپریشن بنیان مرصوص‘‘ میں اپنی غیر معمولی قیادت، تزویراتی صلاحیتوں کے اعتراف میں فیلڈ مارشل کا منصب پانے والے سید عاصم منیر کی ذہانت کی دنیا معترف ہوگئی۔ معروف عالمی جریدے ’’واشنگٹن ٹائمز‘‘ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مرد آہن قرار دیا واشنگٹن ٹائمز نے انہیں انتہائی مضبوط اعصاب کے مالک اور سخت فیصلے لینے کی بھرپور صلاحیت رکھنے والا انسان قرار دیا واشنگٹن ٹائمز نے لکھا کہ امریکہ میں فیلڈ مارشل کو جنوبی ایشیاء کی سلامتی کے لیے بااثر ترین شخصیت کے طور پر دیکھا جاتا ہے، آرمی چیف ایک پیشہ ور، خاموش طبع اور نظم وضبط کے پابند فوجی افسر سمجھے جاتے ہیں مزید لکھا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خود نمائی اور سیاست میں دلچسپی نہیں، پاک بھارت کشیدگی کے دوران، ان کی عوامی مقبولیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ فروری 2025ء میں انہیں برطانیہ میں رائل ملٹری اکیڈمی سینڈہرسٹ میں ’’ریجنل اسٹیبلائزیشن کانفرنس‘‘ میں شرکت کے موقع پر گارڈ آف آنر دیا گیا 13 اگست 2025ء کو آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی جانب سے فرسٹ ڈپٹی وزیر دفاع اور چیف آف جنرل اسٹاف کی اہم ملاقات کی، اور آپ کو ’’پیٹریاٹک وار میڈل‘‘ عطا کیا گیا معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص میں ذلت آمیز شکست اٹھانے کے بعد بھارت نے بلوچستان میں اپنی پراکسی کالعدم تنظیموں کو فنڈنگ اور اسلحہ فراہم کیا تاکہ پاکستان کو اندرونی طور پر عدم استحکام سے دوچار کیا جاسکے بلوچستان میں دہشت گردی کی چند کارروائیوں کو انجام دیا گیا، جن میں غیر مقامی پنجابی مزدوروں کو بربریت کا نشانہ بنایا گیا، ان سانحات نے پوری قوم کو غمزدہ کردیا مگر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم مصمم نے دہشت گردوں کے لیے زمین تنگ کردی ہے بھارت کو بلوچستان میں بھی بدترین رسوائی کا سامنا کرنا پڑا ہے، اس وقت دہشت گردوں کو چھپنے کے لیے کوئی پناہ گاہ میسر نہیں۔ مرد آہن فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اسلام آباد میں اوورسیز پاکستانیز کنونشن سے خطاب میں بلوچستان کے حوالے سے کہا تھا کہ ’’بلوچستان‘‘ پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے، چودہ سو بندے یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس کو لے جائیں گے؟ تو دہشت گردوں کی اگلی دس نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، اور یہ حقیقت ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے گذشتہ ایک سال میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف 800 کامیاب آپریشنز کیے ہیں، جن میں 122 انتہائی مطلوب دہشت گردوں کو جہنم رسید کیا گیا ہے متعدد دہشت گرد حملوں کو ناکام بنایا گیا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ’’بلوچیت‘‘ کا لبادہ اوڑھ کر بلوچ نسل کشی کرنے والی تمام تنظیموں کی اصلیت کھل کر سامنے آچکی ہے اور عوام ان کے اصل چہروں سے آشنا ہوچکے ہیں کہ کون ان کی ترقی وخوشحالی کا قاتل ہے، کون ان کے بچوں کے ہاتھوں سے قلم چھین کر ہتھیار تھما رہا ہے اور کون بلوچستان کے عوام کی حفاظت اس کے امن وامان کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں؟ واضح رہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عوام ریاست کے ساتھ کھڑی ہوچکی ہے۔





CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 25 AUG 2025 Page No. 29

بلوچستان کمال کا صوبہ ہے! (دوسرا حصہ)

غلام گردش

راؤ منظر حیات

raomanzarhayat@gmail.com

ایک دن شام سات بجے تک چیف سیکریٹری دفتر میں کام کر رہے تھے۔ یہ 1998 کا زمانہ تھا۔ میرے پاس چند اہم کاغذات تھے جنھیں دکھا کر منظوری لینا ضروری تھا۔ فائلیں لے کر جب ان کے دفتر پہنچا، وہ غور سے اہم فائلیں پڑھ کر حکم نامہ لکھ رہے تھے۔ میں آرام سے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گیا۔ پندرہ منٹ کی خاموشی کے بعد چیف سیکریٹری کہنے لگے کہ میں نے وزیراعلیٰ سے منظوری لے کر تمھیں ڈپٹی کمشنر پوسٹ کر دیا ہے۔ ضلع کا نام لورالائی ہے۔ پنجاب سے قدرے نزدیک ہے۔ جمعیت العلماء اسلام کے سینئر وزیر بھی وہیں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہاں خیال کرنا، وہاں قبائلی مسئلے کافی شدت سے پنپ رہے ہیں، جرگے کے ذریعے، امن قائم کرنا اولین ذمے داری ہونی چاہیے۔ پنجاب جانے والی سڑک کا بہت طویل حصہ اسی ضلع میں سے گزرتا ہے۔ اور وہاں ڈاکو بسوں میں بیٹھے مسافروں کو لوٹ لیتے ہیں۔ یہ جرائم بھی ختم ہونے چاہئیں۔ میرے فرشتوں کو بھی علم نہیں تھا کہ لورالائی کہاں واقع ہے۔ کوئٹہ سے بھی بس دو چار مہینے کی نسبت تھی۔ چیف سیکریٹری کا نام یونس خان تھا۔ وہ میرٹ پر کام کرنے والے افسر تھے۔ حد درجہ سادہ زندگی گزارنے کے عادی تھے۔ کمرے سے باہر نکلا تو خوشی تو تھی کہ ڈپٹی کمشنر تعینات ہو چکا ہوں مگر ضلع کے متعلق معلومات نہ ہونے کے برابر تھیں۔ یہ تو پتہ تھا کہ وہ مکمل طور پر پشتون علاقہ ہے اور وہاں بلوچ بالکل موجود نہیں ہیں۔ پنجاب سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی کم ہی تھے۔ معلومات لیں تو پتہ چلا کہ ایک قریبی دوست، اعجاز منیر، وہاں ڈی سی رہ چکے تھے۔ وہ اس وقت مستونگ میں ڈی سی تھے۔ خیر اتوار کو اعجاز کے پاس گیا۔ انھوں نے لورالائی کی تمام جزئیات بیان کیں۔ تقریباً پانچ چھ گھنٹے کی اس گفتگو سے موٹی موٹی چیزیں بہرحال کچھ نہ کچھ سمجھ میں آ گئیں۔ مگر پھر بھی، اتنے بڑے ضلع کے متعلق، اب بھی یہ سب کچھ ناکافی تھا۔ کوئٹہ واپس آیا۔ تقریباً ایک ہفتہ ہر اس افسر سے ملا جو لورالائی میں کسی بھی انتظامی سطح پر رہ چکا تھا۔ اس ڈر کی وجہ سے، کہ کوئی اہم معلومات بھول نہ جاؤں، طویل نوٹس بنا لیے۔ ویسے یہ عادت، میڈیکل کالج سے تھی۔ لورالائی کے متعلق میرے پاس تقریباً ایک سو صفحے کے نوٹس جمع ہو چکے تھے۔ جنھیں میں سارا دن پڑھتا رہتا تھا۔ مگر یہ نکتہ بھی ازبر تھا کہ انتظامی امور، اصل میں حقیقی دنیا سے تعلق رکھتے ہیں۔ کاغذی معلومات کے ذریعے انھیں سلجھانا ناممکن ہوتا ہے۔ مجھ سے پہلے وہاں امتیاز تاجور ڈی سی تھے۔ جنھیں میں پندرہ برس سے جانتا تھا۔ مرنجان مرنج اور صوفی طبیعت کے مالک تھے۔ مذہب کی طرف بہت میلان ہو چکا تھا۔ جس وقت تبادلے کا نوٹیفکیشن ہوا، وہ ملک سے باہر تھے۔

خیر ضابطے کی کارروائی پوری کرنے کے بعد، جب میں لورالائی پہنچا، تو وہ علاقہ میرے لیے جہان حیرت تھا۔ بھورے رنگ کے چٹیل پہاڑوں کا ختم نہ ہونے والا سلسلہ، پورے ضلع میں، فصیل کی طرح موجود تھا۔ ان پر سبزہ نہ ہونے کے برابر تھا۔ مگر جب کوئٹہ سے لورالائی روانہ ہوا تو راستے میں ضلع زیارت کا کچھ حصہ طے کرنا پڑتا ہے۔ وہاں ہر طرف درخت ہی درخت اور ہریالی ہی ہریالی تھی۔ صنوبر کے نایاب درخت، آسمان سے باتیں کرتے نظر آتے تھے۔ دراصل زیارت میں صنوبر کے درختوں کا ذخیرہ، دنیا کے اہم ترین جنگلوں میں سے ایک ہے۔ اس لیے کہ اس درخت کی عمر بہت طویل ہوتی ہے۔ روایت تھی کہ یہ جنگل صدیوں پرانا ہے۔ بہرحال جب لورالائی پہنچا تو ریسٹ ہاؤس میں قیام پذیر ہونا پڑا۔ اکیلا تھا۔ لہٰذا کسی قسم کا کوئی بھی مسئلہ نہیں تھا۔ ریسٹ ہاؤس سادہ سا تھا۔ مگر اس میں ہر سہولت موجود تھی۔ وہاں تقریباً دو تین ہفتے رہنا پڑا۔ کیونکہ تاجور صاحب، بیرون ملک تھے اور واپس آ کر انھیں لاہور جانا تھا۔ مجھے ایک بات کا مسئلہ ضرور تھا کہ مقامی زبان یعنی پشتو بولنی اور سمجھنی نہیں آتی تھی۔ مگر دو تین ماہ میں محنت کر کے گزارے لائق سیکھ لی تھی۔ جس کا مجھے انتظامی سطح پر بہت فائدہ ہوا۔ لوگوں سے جب آپ مقامی زبان میں بات کرتے ہیں تو انھیں حیرت کے ساتھ خوشی بھی ہوتی تھی اور ان سے رابطہ بہت بہتر ہو جاتا تھا۔ بیرون ملک سے تاجور صاحب کے آنے کے بعد، انھوں نے بھی ضلع کے متعلق طویل بریفنگ دی، اہم لوگوں کی بابت کافی کچھ بتایا۔ ایک چیز ضرور عرض کروں گا، اگر انتظامی افسر اپنے علاقے کے لوگوں کو بہترین طریقے سے نہیں جانتا تو وہ ناکام ہو سکتا ہے۔ کیونکہ قبائلی نظام میں، عام لوگوں سے رابطہ ان کے ذریعے ہی ہوتا ہے۔ مگر میں نے اس روایت کو بہت کم اہمیت دی۔ دفتر کے دروازے کھول دیے اور ہر شخص آرام سے آنا شروع ہو گیا۔ یہ روایت پنجاب میں نہیں ہے۔ چھوٹے اور بڑے افسر کوشش کرتے ہیں کہ عوام سے دور رہیں۔ دربان جب چٹ لے کر آتا ہے، تو پھر ملاقاتی کو انتظار کروایا جاتا ہے۔ جس کی مدت افسر کے موڈ پر ہوتی ہے۔ اکثر اوقات جب، سائل، کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے، اور وہ ناامید ہو جاتا ہے تو اسے کمال مہربانی کا مظاہرہ کر کے، بلا لیا جاتا ہے۔ نوے فیصد تو یہی چلن ہے کہ اسے بیٹھنے کے لیے کرسی نہیں دی جاتی۔ بس کھڑے کھڑے بات سن لی جاتی ہے۔ یہ رویہ، حد درجہ ادنیٰ اور کسی بھی اخلاقی وصف سے نابلد ہے۔ افسر کو، دفتر میں آنے والے ہر انسان کی عزت نفس کو قطعاً مجروح نہیں کرنا چاہیے۔ مگر پنجاب میں یہ وطیرہ چلتا آ رہا ہے اور شاید اگلی کئی دہائیاں ایسے ہی چلتا رہے۔

لورالائی ایک قبائلی علاقہ تھا، اور اس میں ڈی سی، پولیٹیکل ایجنٹ بھی ہوتا تھا، بلکہ ہے۔ پہلی شب، ریسٹ ہاؤس میں آرام کرنے کے بجائے میں، اپنے ڈرائیور، اور ایک دو لیوی کے سپاہیوں کے ساتھ، اس سڑک پر چلا گیا جو بلوچستان کو پنجاب سے ملاتی ہے۔ وہاں پہنچا، تو لیویز کی پوسٹیں موجود تھیں، جن پر سپاہی بھی تعینات تھے۔ پہلی چیک پوسٹ پر رکا۔ لیویز کے سپاہی کے پاس چلا گیا۔ کڑاکے کی سردی تھی، درجہ حرارت منفی میں تھا۔ مگر اس سرکاری اہلکار کے پاس گرم کپڑے نہیں تھے۔ سردی سے بچنے کے لیے ٹوپی اور گرم موزے بھی نہیں تھے۔ جوتے تقریباً گل چکے تھے۔ شدید سردی میں، وہ کتنے مستعد ہوں گے، یہ میں سمجھ چکا تھا۔ معاملہ یہاں ختم نہیں ہوتا۔ اس ادھیڑ عمر سپاہی کے پاس جو بندوق تھی، اس میں صرف دو چار گولیاں تھیں یعنی اسلحہ ہی ناکافی تھا۔ خود بتایئے کہ کیا اس صورت حال میں ڈاکوؤں سے مقابلہ کیا جا سکتا تھا۔ میرا اپنا جواب نفی میں تھا۔ خیر، پوری رات لیویز کی چیک پوسٹوں پر جاتا رہا۔ ویسے لیویز کے سپاہی بتاتے تھے کہ ان کی ضروریات کے متعلق کبھی کسی افسر نے دریافت ہی نہیں کیا اور چیک پوسٹوں پر رات گئے آنے کا رواج تو خیر تھا ہی نہیں۔ اگلے دن، پہلا کام یہ کیا کہ چیف سیکریٹری کو اصل صورت حال سے آگاہ کیا۔ انھوں نے حکم دیا کہ پوری ڈیمانڈ فوری طور پر انھیں بھجوائی جائے اور اس کی ایک کاپی، ہوم سیکریٹری کو بھی ارسال کی جائے۔ اسی طرح کیا۔ دو تین گھنٹے بعد ہوم سیکریٹری کا فون آ گیا۔ انھوں نے بڑی حیرت کا اظہار کیا کہ آج تک کسی بھی افسر نے ان سے یہ معاملہ ڈسکس نہیں کیا۔ جناب صرف ایک ہفتے میں، صوبائی حکومت نے لیویز کے لیے ہر مانگی ہوئی چیز بھجوا دی۔ سردی سے بچانے کے لیے لمبے لمبے موٹے کوٹ، گرم جرابیں، ٹوپیاں اور مضبوط جوتے پہنچ گئے۔ صرف سات دنوں میں۔ اب لیویز والے سخت سردی میں کام کرنے کے قابل ہو گئے۔ بالکل اسی طرح، جدید اسلحہ اور ان گنت گولیاں بھی فراہم کر دی گئیں۔ ضلع میں لیویز کے سپاہی اور افسر ایک ہزار سے اوپر تھے۔ جب انھیں یقین ہو گیا کہ ان کا کوئی سرکاری والی وارث ہے تو ان کے کام میں حد درجہ توانائی آ گئی۔ معمول بنا لیا، کہ ہر رات کو، میں عملہ کے ساتھ گشت ضرور کرتا تھا تاکہ صورت حال پر کڑی نظر رہے۔ ساتھ ہی یہ سرکاری حکم بھی جاری کیا کہ اگر ڈاکو، بسوں کو لوٹنے کی کوشش کریں، تو انھیں وہیں کڑی ترین سزا بھی دی جائے۔ ان کے قبیلے کے عمائدین پر جرمانہ بھی عائد کیا جائے۔ بطور پولیٹیکل ایجنٹ، یہ سب کچھ میرے اختیار میں تھا۔ شروع شروع میں، ایک دو بار، ڈاکوؤں نے بسوں کو لوٹنے کی کوشش ضرور کی، مگر لیویز کی موجودگی میں، واردات میں ناکام ہو گئے۔ بلکہ اپنی جان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔ ان کے قبائلی عمائدین پر بھی بھرپور جرمانہ عائد کیا گیا۔ جو ڈاکو، زندہ گرفتار کیے جاتے، انھیں قبائلی قانون کے تحت فوری سزا دی جاتی۔ لورالائی میں، دو سال کے قریب رہا۔ لیویز کے سپاہیوں اور افسروں کی جانفشانی کی بدولت، سڑکیں مکمل طور پر محفوظ ہو گئیں۔ ڈاکا کی نوبت تو بڑی دور کی بات، اٹھائیس سے تیس پرانے ڈاکوؤں نے پہاڑوں سے نیچے آ کر، ازخود گرفتاریاں دیں اور اپنے آپ کو قانون کے حوالے کر دیا۔ خدا نے میری حد درجہ معمولی سی محنت کا اجر، پورے ضلع میں امن کی صورت میں دیا۔ ایک دن چیف سیکریٹری نے بھی پوچھا کہ تم نے کون سی ترکیب اختیار کی ہے کہ علاقہ پرامن ہو گیا ہے۔ میرے سب کچھ بتانے سے پہلے ہی کہنے لگے کہ میں سمجھ چکا ہوں۔

(جاری ہے)

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 25 AUG 2025 Page No. 30

فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر: ایک جرنیل، ایک بیانیہ، ایک نئی تاریخ

محمد اکرم چوہدری

پاکستان کی سرزمین ہمیشہ سے آزمائشوں اور قربانیوں کی گواہ رہی ہے۔ یہ وہ دھرتی ہے جس نے اپنے بیٹوں کو بارہا لہو کے چراغ جلانے پر مجبور کیا، اور یہ وہ قوم ہے جس نے ہر طوفان کا سامنا اپنے سینے پر کیا۔ وقت کے دھارے نے کئی بار پاکستان کو کمزور کرنے کی کوشش کی، کبھی دشمنوں کی سازشوں سے، کبھی اپنے ہی گھر کی نااتفاقی سے، کبھی عالمی طاقتوں کے دباو؟ سے اور کبھی معیشت کی کمزوری سے۔ مگر اس قوم کی ایک عادت ہے کہ یہ شکست ماننے والی نہیں، یہ ہر بار گرنے کے بعد پہلے سے زیادہ مضبوط ہو کر کھڑی ہوتی ہے۔

آج کا پاکستان ایک نئے دوراہے پر کھڑا ہے۔ وہ دوراہا جہاں دنیا کے بڑے بڑے ایوانوں میں پاکستان کا ذکر ایک نئی سنجیدگی کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ کبھی پاکستان کو ایک بحران زدہ ملک سمجھا جاتا تھا، لیکن اب دنیا یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہے کہ پاکستان ایک فیصلہ کن ملک ہے اور اس نئے بیانیے کے پیچھے ایک نام ہے: فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر ایک جرنیل، ایک بیانیہ، ایک نئی تاریخ۔

یہ سرخی محض الفاظ نہیں بلکہ حقیقت کا اعلان ہے۔ جنرل عاصم منیر کو واشنگٹن ٹائمز جیسے بڑے امریکی اخبار نے "nerves of steel" کہا۔ فولادی اعصاب کے مالک کا خطاب کسی عام فوجی کو نہیں دیا جاتا، یہ اعزاز صرف ان رہنماو؟ں کے حصے میں آتا ہے جنہوں نے وقت کے سب سے مشکل لمحوں میں اپنے اعصاب پر قابو رکھا ہو، جنہوں نے قوم کو امید دی ہو اور دشمن کو حیران کر دیا ہو۔ بھارت کے ساتھ حالیہ تنازعے میں جب دنیا یہ سمجھ رہی تھی کہ پاکستان دباو؟ میں آ جائے گا، جنرل عاصم نے اپنی قیادت اور حکمت عملی سے قوم کو وہ علامتی فتح دلائی جس نے دشمن کی ساری منصوبہ بندی خاک میں ملا دی۔

بھارت کے غرور کو توڑنے والی اس کامیابی نے پاکستان کے عوام کو یہ یقین دلایا کہ ہم صرف دفاعی پالیسی کے سہارے زندہ نہیں رہ سکتے بلکہ اپنی عزت اور وقار کے ساتھ دنیا میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ یہ فتح صرف سرحدوں پر نہیں تھی، یہ فتح سفارت کاری میں بھی تھی۔ دنیا کو پیغام ملا کہ پاکستان کو کوئی پس منظر میں نہیں دھکیل سکتا۔ یہی وہ لمحہ تھا جب عالمی میڈیا نے بھی اعتراف کیا کہ پاکستان اب صرف ایک خطے کا ملک نہیں بلکہ ایک عالمی کھلاڑی ہے۔

ٹرمپ اور مودی کے تعلقات میں دراڑ پڑی تو دنیا کو اندازہ ہوا کہ جنوبی ایشیا کی سیاست بدلنے والی ہے۔ لیکن اس موقع کو حقیقت میں بدلنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں تھی۔ جنرل عاصم نے یہ کر دکھایا۔ انہوں نے امریکہ کے ساتھ تعلقات کو بحال کیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ اور پینٹاگون کے ساتھ رابطے قائم کیے۔ وہ تعلقات جو برسوں سے سرد مہری کا شکار تھے، ایک بار پھر اعتماد کی بنیاد پر کھڑے ہوئے۔ ایبی گیٹ بم دھماکے کے ماسٹر مائنڈ کی گرفتاری پر ٹرمپ نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا، اور یہ لمحہ پاکستان کے وقار کی ایک نئی سطح تھا۔

یہاں سے پاکستان کی سفارت کاری کو بھی ایک نئی زندگی ملی۔ وزیر خارجہ نے امریکی ہم منصب سے ملاقات کی، یورپی یونین کے نمائندوں سے بات کی، مشرقِ وسطیٰ کے رہنماؤں کے ساتھ رابطے کیے۔ ہر ملاقات میں ایک ہی پیغام دیا گیا: پاکستان خطے کا فیصلہ کن کھلاڑی ہے۔ یہ وہ تبدیلی تھی جس کا ہم دہائیوں سے انتظار کر رہے تھے۔

فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر: ایک جرنیل، ایک بیانیہ، ایک نئی تاریخ۔ یہ الفاظ یہاں دوبارہ اس لیے آتے ہیں کہ بیانیہ صرف فوجی قیادت کا نہیں بلکہ قومی وقار کا ہے۔ یہ بیانیہ صرف سفارت کاری کا نہیں بلکہ عوامی طاقت کا ہے۔

پاکستان کے عوام اور نوجوان اس نئے بیانیے کا اصل سرمایہ ہیں۔ حال ہی میں ایک پاکستانی طالبہ نے 132 اے گریڈز حاصل کر کے دنیا کو حیران کر دیا۔ یہ وہ پاکستان ہے جسے کبھی تعلیمی لحاظ سے کمزور کہا جاتا تھا، مگر آج ہمارے بچے عالمی سطح پر کامیابیاں سمیٹ رہے ہیں۔ ہمارے نوجوان انجینئرز اور سائنسدان دنیا کی بڑی کمپنیوں میں بیٹھ کر پاکستان کا پرچم لہرا رہے ہیں۔ ہماری آئی ٹی انڈسٹری تیزی سے ابھر رہی ہے۔ دنیا کی بڑی ایکسپوز میں پاکستانی اسٹارٹ اپس نے اربوں روپے کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جب پاکستان صرف عسکری طاقت ہی نہیں بلکہ معاشی اور ٹیکنالوجیکل طاقت بھی بننے جا رہا ہے۔

کھیلوں کے میدان میں بھی نوجوان پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ چاہے کرکٹ ہو، سکواش ہو یا ای سپورٹس، ہر جگہ پاکستانی نوجوان اپنی صلاحیتوں سے دنیا کو متاثر کر رہے ہیں۔ یہ وہی جذبہ ہے جو ہماری تاریخ کی اصل روح ہے۔

ٹرمپ انتظامیہ نے پاکستان کے وسائل، خصوصاً ریکوڈک کے ذخائر اور ابھرتی ہوئی کرپٹو مارکیٹ کو مستقبل کی طاقت قرار دیا ہے۔ یہ وہ نکتہ ہے جسے پاکستان اگر صحیح سمت میں استعمال کرے تو اپنی معیشت کو دنیا کے لیے ایک مثال بنا سکتا ہے۔

یہ کامیابیاں ایک مسلسل بہتے دریا کی طرح ہیں۔ ایک ایسا دریا جو قربانیوں کے پہاڑوں سے نکلا، امید کے میدانوں سے گزرا اور اب ایک ایسے سمندر کی طرف بڑھ رہا ہے جہاں پاکستان کی عزت، وقار اور طاقت کا پرچم پوری دنیا میں بلند ہوگا۔

فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر: ایک جرنیل، ایک بیانیہ، ایک نئی تاریخ۔ بیانیہ ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ یہ کامیا صرف ایک جرنیل کی نہیں بلکہ پوری قو کی ہے۔ وہ قوم جو اپنی قربانیوں پر کرتی ہے، اپنے نوجوانوں کو سرمایہ سمجھ ہے اور اپنی قیادت پر اعتماد کرتی ہے۔ آج دنیا ہمیں سن رہی ہے، تسلیم کر رہ ہے اور عزت دے رہی ہے۔ یہ لمح ہماری نسلوں کے لیے ایک نئے دور ک شروعات ہے۔

اگر ہم نے اس لمحے کو ضائع کر دیا تو یہ ہماری سب سے بڑی حماقت ہوگی۔ لیکن اگر ہم نے اپنی سیاست کو درست کیا، اپنی معیشت کو سنبھالا اور اپنی نوجوان نسل کو مواقع دیے تو وہ وقت دور نہیں جب پاکستان دنیا کی صفِ اول کی طاقتوں میں کھڑا ہوگا۔ یہ صرف خواب نہیں، یہ حقیقت بن سکتا ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ ہم اپنے اتحاد کو قائم رکھیں اور اپنی سمت کو درست کریں۔

یہ کہانی یہاں ختم نہیں ہوتی۔ یہ کہانی ایک دریا کی طرح ہے جو بہتا جا رہا ہے، اپنے ساتھ قربانیوں کی خوشبو، خوابوں کی روشنی اور امیدوں کی لہریں لیے۔ اور اس دریا کے بیچوں بیچ ایک نام گونج رہا ہے: فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر: ایک جرنیل، ایک بیانیہ، ایک نئی تاریخ۔